Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ رمضان المبارک سنہ ۱۳۴۳ھ مطابق ۱۳ اپریل سنہ ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ نائب بخشی و ناظر	۱
۲	ہدایات بابت اہالیان دربار وقت ... بنگلہ ... باجہ ... دیگر باجہ	۲
۳	اضافہ ... اور ...	ایضاً
۴	بابت ... کا ... سیادت	ایضاً
۵	تعین ... خان ...	ایضاً
۶	انعام بابت ... مرحوم	ایضاً
۷	اضافہ ... عدالت ...	ایضاً
۸	... کا ...	ایضاً
۹	نقشہ ...	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۴ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

حسب عرضداشت صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر۔ بر بنا رپورٹ بخشی صاحب فوج۔ نائب بخشی فوج کی تنخواہ میں بوجہ ملازمت دیرینہ پانچ روپیہ اور ناظر بخشیگری کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۱ مارچ ۱۹۲۵ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

جس وقت جھنڈا یا کسی اور قسم کا باجہ ریاست کی سلامی بجائے۔ جملہ اہالیان خاندان۔ عمائدین۔ ملازمان فوج اور سول برائے تکریم اور تعظیم تا ختم سلامی اپنی جگہ پر کھڑے ہو جایا کرین

جو لوگ فوجی لباس مین ہون انکو حسب ذیل طریقہ پر عمل کرنا چاہئے۔

(الف) اگر سلامی ایسے موقع پر بجے جہان مابدولت واقبال تشریف فرما ہون تو صرف کھڑا رہنا چاہئے۔ اور

(ب) اگر مابدولت واقبال اُس جلسہ مین رونق افروز ہون۔ تو کھڑے ہو کر سلوٹ بھی کرنا چاہئے۔

احکام ضابطہ جاری ہون اور روبکار درج گزٹ ہو۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم اضافہ

۱۰ اپریل ۱۹۲۵ء

حسب استدعا صاحب سکریٹری بہادر انصار۔ ارشد علیخان سب اوورسیر صیغہ نہر کی تنخواہ موجودہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔ آئندہ مع الاونس ساٹھ روپیہ ماہانہ ملیگا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۶ فروری ۱۹۲۵ء

بحکم یکم ستمبر ۱۹۲۳ء احکام بابت منظوری ٹھیکہ طبع فارم چک رسیدات چہ ہزار جلد بنام عبد الحفیظ خان امانہ زر اصلی اور مناصفہ منافع فی جلد ایک آنہ جلد لما مجمعہ جاری ہو چکے ہین کہ یہ چک رسیدات ذریعہ تحصیلات فی جلد ڈہائی آنہ کو فروخت کیجائے اور ٹھیکہ دار دو ہزار جلد چک رسیدات داخل تحصیلات کر دے۔ لیکن ٹھیکہ دار نے منجملہ شرائط مندرجہ روبکار مذکور اکثر کی تعمیل نہین کی جسکی وجہ سے بحکم امروزہ تینہزار جلد کا ٹھیکہ بنام سید محمد محسن احمد صدر و سید ناصر علی احمد محرر بحساب لماء اصلی یعنی اصل نصف ماہ مناصفہ منافع نصف ماہ و سیکہ اطمینان امانت پچاس روپیہ زر نقد بقید داخل چک رسیدات ۱۳ مارچ ۱۹۲۵ء تک منظور کیا گیا اور تجویز ہوئی کہ بجائے ڈہائی آنہ قیمت فی جلد کے اب تین آنہ کو فی جلد فروخت کیجائے اور بقیہ نصف حصہ چک رسیدات عبد الحفیظ خان جلد داخل کر دین اور ایکہزار جلد کا اسٹاک ٹھیکہ داران حال کو دین۔

چونکہ روبکار مجریہ یکم ستمبر ۱۹۲۳ء درج گزٹ ہو چکا ہے۔ اور اب بجائے ۲ ہر کے ۳ ہر کو فی جلد فروخت ہوگی اسکی اطلاع عام ہونیکی غرض سے حکم ہوا درج گزٹ کیا جائے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر لقب

۱۰ اپریل ۱۹۲۵ء

حسب تحریر حاکم صاحب صدر۔ منشی فدا علی خان صاحب تحصیلدار سابق تحصیل مانده حال مبدله وتعینه صدر بماتحتی حاکم صاحب صدر مثل حبیب خان مرحوم اسسٹنٹ حاکم صدر کے کام کرینگے اور آیندہ لقب سے ملقب کئے جاینگے۔

انعام

۴ اپریل ۱۹۲۵ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلی دام اقبالہم وملکہم بقدمہ قتل عمد چمن خان مقتول مبلغ تیس روپیہ انعام صیغہ پولیس سے باتفاق رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس تجویز ہوئے ہین۔ لہذا جو شخص کہ مجرمی خان ملزم مفرور کو گرفتار کریگا وہ شخص صیغہ پولیس سے انعام مجوزہ مرقومۃ الصدر پانیکا مستحق ہوگا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر رخصت

۳۰ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب تصدیق ڈاکٹر دہلی منشی گوری سہائے ناظر عدالت فوجداری ضلع کی مزید رخصت یکماہ بوجہ بقائے علالت بانتظام سابقہ منظور کی گئی۔

علمی ذخیرہ

قول شافی یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے کئی جلدین ہونگی اسکا نام جو ظاہر ہے قیمت ۱۱ آنہ
التوحید کتاب جامع عامری کی جلد اول کا مجلاصہ ہے جو خدا وند عالم کے وجود و توحید وغیرہ پر ہے قیمت ۱۲ آنہ
خصائص معاویہ یہ کتاب چہارم جلد اول جامع عامری کے تحفۃ میر ہے بجواب اصل عبد الجلیل ناظری کی مشہور کتاب جامع عامری کا کلمہ ترجمہ ہے بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ۱ آنہ جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست بنام مہتمم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال ہو (از افتخار حسین مہتمم کتب خانہ ریاست رامپور)

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۶ لغایت ۱۲ اپریل ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			۵۰ ار ۶ ار	[illegible] ۰ ار		۷۰ ار	
نخود خالص			۱۰۰ ار	۱۰ ار		۱۰ ار	
نخود کستہ آمیز			۱۲ ار	۱۰۰ ٹ		۱۰۰ ار	
کستہ			۱۲ ار	۶ ار		۶ ار	
ماش			۶ ار	۶ ار		۶ ار	
مونگ			۰	۰		۶ ار	
مکا			۸ ار	۸۰ ار		۸ ار	
جئی			۱۲ ار	۰		۱۱ ار	
گوجئی			۰	۰		۱۰ ار	
عدس			۱۰ ار	۰		۸ ار	
ارہر			۰	۰		۱۱ ار	
برنج			۴۰ ار	۴۰ ار		۴۰ ٹ	
روغن زرد			۰ ار	۰ ار		۱۱ ار	
روغن سیاہ			۱۰ ار	۱ ار		۱۰ ار	
روغن کنجد			۰	۲ ار		۱ ار	
نمک سانبھر			۱۱۰ ٹ	۱۰ ٹ		۱۱ ار	
نمک لاہوری			۶ ٹ	۵ ار		۲ ار	
قند سیاہ			۴ ار	۴ ار		۴۰ ٹ	
باجرہ			۰	۰		۰	